Citizenship and Immigration Canada
Citoyenneté et Immigration Canada

# ان شریکِ حیات یا پارٹنرز یعنی ساتھیوں کے لئے معلومات جن کو سپانسر کیا گیا ہے یعنی جن کی کفالت کی گئی ہے



اڈینیک نشیرگیما ڈنیا پش  نزیٹس

Canada

نئے قواعد و ضوابط جاری کئے گئے ہیں جو کینیڈا آنے والے ان شریکِ حیات یا پارٹنرز پر اثرانداز ہوتے ہیں جن کو حال ہی میں سپانسر کیا گیا ہے۔ اب، شریکِ حیات یا پارٹنرز جن کو سپونسر کیا گیا ہے جو دو سال یا اس سے کم عرصے سے رشتے میں منسلک ہیں اور جن کے اپنے سپونسر یعنی کفیل کے ساتھ، کفالت کی درخواست کے وقت، کوئی بچے مشترک نہیں ہیں،ان کے مستقل رہائشی کے سٹیٹس یعنی قانونی حیثیت پر کینیڈا میں آمد کے وقت ایک شرط عائد کی گئی ہے۔

**مشروط مستقل رہائش کا مطلب آپ کے لئے کیا ہے**

اگر آپ کو مشروط مستقل رہائش دی گئی ہے، تو ضروری ہے کہ اس تاریخ سے جب آپ کو مشروط مستقل رہائش دی گئی ہے آپ اپنے کفیل کے ساتھ ایک **سچے اور جائز رشتے** میں دو سال رہیں۔ یہ شرط دو سال کے عرصہ کے بعد ختم ہو جاتی ہے۔

**کیا یہ نیا قانون مجھ پر اثرانداز ہوتا ہے؟**

| | |
|---|---|
| ہاں، اگر ... | آپ کی درخواست 25 اکتوبر، 2012 کو یا اس کے بعد وصول ہوئی تھی۔ |
| ہاں، اگر ... | آپ اپنے کفیل کے ساتھ دو سال یا اس سے کم عرصے کے لئے ایک رشتے میں منسلک رہے ہیں اور آپ کے اپنے کفیل کے ساتھ کوئی بچے مشترک نہیں ہیں۔ |
| نہیں، اگر ... | آپ اپنے کفیل کے ساتھ دو سال سے زیادہ عرصے کے لئے ایک رشتے میں منسلک رہے ہیں۔ |
| نہیں، اگر ... | آپ کی کفالت کی درخواست کے وقت، آپ کے اپنے کفیل کے ساتھ بچے مشترک تھے۔ |

**آپ کے حقوق**

مشروط مستقل رہائش ملنے پر، آپ کے پاس ایک مستقل رہائشی کے تمام حقوق اور مراعات ہیں۔

- آپ کو کام کرنے یا تعلیم حاصل کرنے کے پرمٹ کے بغیر کینیڈا میں کام کرنے اور تعلیم حاصل کرنے کی اجازت ہے۔
- آپ کو صحت کی کوریج یعنی تحفظ اور سماجی خدمات تک رسائی ہے۔
- آپ کو کینیڈا چھوڑنے اور کینیڈا میں دوبارہ داخل ہونے کی اجازت ہے۔

اگر آپ بدسلوکی یا بے توجہی کے شکار ہیں، تو آپ کو بدسلوکی کی حالت میں رہنے کی ضرورت نہیں۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ مشروط مستقل رہائش کا قانون آپ پر لاگو ہوتا ہے یا نہیں۔ کینیڈا میں، بدسلوکی کو برداشت نہیں کیا جاتا۔ تمام جسمانی اور جِنسی بدسلوکی ایک جرم ہے۔ لازم ہے کہ بچوں کے ساتھ کی گئی تمام بدسلوکی رپورٹ کی جائے۔

**بدسلوکی یا بے توجہی کیا ہے؟**

**بدسلوکی** وہ برتاؤ یا سلوک ہے جو دوسرے شخص کو ڈرانے دھمکانے، اسے تنہا رکھنے، اس پر تسلط قائم کرنے یا اسے کنٹرول کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ سلسلہ وار عمل یا ایک منفرد نوعیت کا واقعہ ہوسکتا ہے۔ بدسلوکی میں جسمانی، جنسی، نفسیاتی، معاشی بدسلوکی یا زبردستی کی شادی شامل ہو سکتی ہے۔

بدسلوکی **جسمانی، جِنسی، ذہنی اور نفسیاتی** یا **مالی** ہوسکتی ہے۔

- بطور بدسلوکی کا شکار، آپ ایک سے زائد قسم کی بدسلوکی سے دوچار ہوسکتے ہیں۔
- عام طور پر، بدسلوکی کرنے والا ایک شریکِ حیات، ایک سابقہ شریکِ حیات، پارٹنر یا سابقہ پارٹنر ہوتا ہے۔ بعض اوقات، وہ شریکِ حیات یا پارٹنر کی فیملی کا رُکن ہوسکتا ہے۔
- بدسلوکی کرنے والا مرد یا عورت ہوسکتا/ہوسکتی ہے۔

**جسمانی بدسلوکی** ایک جسمانی رابطہ ہے جس کا مقصد ڈرانا دھمکانا یا درد پہنچانا، زخم دینا، دیگر جسمانی تکلیف دینا یا جسمانی گزند پہنچانا یا زبردستی قید میں رکھنا ہے۔ کئی مزید مثالوں کے علاوہ، مثالوں میں شامل ہیں ضرب کھانا، مار پیٹ کھانا، تھپڑ کھانا، مکہ کھانا، اور دھکا کھانا یا دھکیلے جانا جس کے نتیجے میں زخم لگے یا لگ سکتا ہو۔

**جنسی بدسلوکی** میں شامل ہے بدسلوکی کے شکار کی مرضی کے خلاف کسی موقع پر طاقت یا دھمکی کا استعمال جس کا نتیجہ غیر مطلوب جنسی چھونا یا جنسی عمل ہو۔

**ذہنی اور نفسیاتی بدسلوکی** میں شامل ہوسکتے ہیں طاقت یا کنٹرول جو محض بے عزتی تک محدود نہ ہو، ڈرانا دھمکانا، ذلیل کرنا، ہراساں کرنا یا دھمکیاں دینا، گالی دینا، چیخنا چلانا، الزام تراشی، گستاخی کرنا، تنقید کرنا، یا بدسلوکی کے شکار کے بچوں کو چھیننے یا ان کو نقصان پہنچانے کی دھمکی دینا۔

**مالی اور معاشی بدسلوکی** وہ صورتحال ہے جہاں ایک ساتھی کا دوسرے ساتھی کی مالی ذرائع تک رسائی پر کنٹرول ہے۔ چند مثالوں میں شامل ہیں بدسلوکی کے شکار کا چیک یا روپیہ پیسہ لے لینا اور اس کا روپیہ پیسہ روک لینا، تاکہ بدسلوکی کا شکار ان چیزوں کی خریداری کے لئے ادائیگی نہ کرسکے جن کی انہیں یا ان کے بچوں کو ضرورت ہے، جیساکہ خوراک، سر پر چھت یا طبی علاج۔

**زبردستی کی شادی** اس وقت ہوتی ہے جب فریقین میں سے شادی کے لیے کم از کم ایک فریق کی آزادانہ مرضی شامل نہ ہو اور اسے بدسلوکی کی ایک شکل سمجھا جاتا ہے۔ زبردستی کی شادی میں یہ عوامل شامل ہو سکتے ہیں: دھمکیاں یا تشدد، زبردستی یرغمال بنا لینا، جنسی حملہ وغیرہ۔

**بے توجہی** ضروریاتِ زندگی جیساکہ خوراک، کپڑا لتا، طبی دیکھ بھال یا مسکن اور پناہ گاہ فراہم کرنے میں ناکامی ہے، یا کوئی بھی ایسی غفلت جس کے نتیجے میں شدید نقصان ہونے کا اندیشہ ہو۔

**اپنے کفیل یا ان کی فیملی کے ہاتھوں بدسلوکی یا بے توجہی کا شکار ہورہے ہیں؟**

اگر آپ کو بدسلوکی یا بے توجہی کا شکار بنایا جارہا ہے تو کینیڈا میں اپنے سٹیٹس یعنی قانونی حیثیت کو برقرار رکھنے کی خاطر آپ کو اس رشتے میں منسلک رہنے کی ضرورت نہیں

اگر آپ پر مشروط مستقل رہائش کا قانون اثرانداز ہو رہا ہے تو آپ اس سے **استثنا اور چھُوٹ** کی درخواست کر سکتے ہیں۔

اگر آپ پر مشروط مستقل رہائش کا قانون اثرانداز نہیں ہو رہا، تو آپ کو یاد رکھنا چاہیئے کہ **کینیڈا میں بدسلوکی برداشت نہیں کی جاتی۔ آپ کو بدسلوکی کی حالت میں رہنے کی ضرورت نہیں۔** اس کتابچے کے صفحات 7 اور 8 معلومات فراہم کرتے ہیں جو آپ مدد حاصل کرنے کے لئے استعمال کرسکتے ہیں۔

**استثنا اور چھُوٹ کی درخواست کرنا**

اگر آپ کو مشروط مستقل رہائشی کا سٹیٹس یعنی قانونی حیثیت دی گئی ہے، تو آپ اس شرط سے استثنا یا چھُوٹ کی درخواست دو سال کے مشروط عرصے کے دوران کسی وقت بھی دےسکتے ہیں۔ آپ ایسا سی آئی سی (CIC) کے کال سنٹر کو 2100-242-888-1 پر فون کر کے کرسکتے ہیں۔ آپ جو معلومات فراہم کریں گے اُن کو صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔

**آگے بڑھنے اور آگاہ کرنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں؟**

- ہوسکتا ہے کہ آپ کینیڈا میں بالکل تنہا محسوس کررہے ہوں۔
- ہوسکتا ہے کہ آپ سے بدسلوکی کرنے والے نے کینیڈا میں آپ کے سٹیٹس یعنی قانونی حیثیت کے بارے میں آپ سے جھُوٹ بولا ہو۔
- ہوسکتا ہے کہ آپ کو لوگوں سے بات کرنے میں دشواری کا سامنا ہو یا اپنے بچوں کی سلامتی کے بارے میں خوف زدہ ہوں۔
- ہوسکتا ہے کہ آپ انگریزی یا فرانسیسی میں بات چیت کرنا دشوار پا رہے ہوں
- ہوسکتا ہے کہ کینیڈین قانون کے تحت اپنے حقوق کے بارے میں آپ ابہام کا شکار ہوں۔

**مدد چاہیئے؟**

اگر آپ شریکِ حیات، پارٹنر یا ان کی فیملی کے رکن کے ہاتھوں بدسلوکی کا شکار ہورہے ہیں، تو یہ غلط ہے اور مدد دستیاب ہے۔

| اگر ... | اور ... | تو ... |
|---|---|---|
| **آپ سے بدسلوکی کی جارہی ہے** | **یہ ایک ایمرجنسی (ہنگامی صورتحال) ہے** | **9-1-1 یا مقامی پولیس کو فون کریں۔** |

| ... اگر<br>آپ مدد ڈھونڈ رہے ہیں | تو ... |
|---|---|
| | ➢ عورتوں کے شیلٹر یعنی پناہ گاہ پر فون کریں |
| | ➢ کرائیسز لائن یعنی ہنگامی فون لائن پر فون کریں |
| | ➢ کونسلنگ یعنی صلاح مشورہ دینے کی ایجنسی سے رابطہ کریں |
| | ➢ اپنی امیگرینٹس کی خدمات کرنے کی تنظیم سے رابطہ کریں |
| | ➢ ایک وکیل کی رفرل سروس (یعنی حوالہ دینے کی خدمت)، لیگل ایڈ آفس (قانونی مدد کا دفتر) یا ایک عوامی قانونی معلومات کی انجمن سے رابطہ کریں |
| | ➢ اپنے فیملی ڈاکٹر یا کمیونٹی ہیلتھ سنٹر سے بات کریں |
| | ➢ کسی ایسے سے دل کی بات کریں اور مدد مانگیں جس پر آپ کو بھروسا ہے، جیساکہ ایک دوست یا رشتہ دار |
| | ➢ لوگ آپ کی مدد کرسکتے ہیں — آپ تنہا نہیں ہیں۔ |
| **مدد لینا شرمناک بات نہیں۔ خدمات کو صیغہ راز میں رکھا جاتا ہے۔** | |

**تیار رہیں— آپ کی مدد کرنے کے لئے خدمات**

بنائیں—پہلے سے—کمیونٹی خدمات کی ایک ذاتی فہرست۔ پولیس کے علاوہ، متعدد تنظیمات اور ایجنسیاں مدد یا کارآمد معلومات دے سکتی ہیں۔ اپنی ٹیلیفون ڈائریکٹری میں سفید، پیلے یا نیلے صفحات میں دیکھیں یا انٹرنیٹ پر مندرجہ ذیل رابطہ کے نمبر تلاش کریں:

- پولیس
- ہسپتال، طبی کلینک یا ڈاکٹر
- قانونی معلومات کی عوامی انجمنیں
- بدسلوکی کے شکار لوگوں کے لئے خدمات
- کرائیسز لائنز یعنی ہنگامی ٹیلیفون لائنز
- شیلٹرز یعنی پناہ گاہیں/نقل مکانی کے عبوری مسکن
- ذہنی صحت کے دفاتر
- ملٹی کلچرل یعنی مختلف ثقافتی تہزیبوں کی یا امیگرینٹس کی خدمات کی تنظیمات
- سٹیزن شپ اینڈ امیگریشن کینیڈا
- لوگ جن پر آپ کو بھروسہ ہے

**مزید جاننا چاہتے ہیں؟**

سی آئی سی (CIC) نے مشروط مستقل رہائش کے قانون سے استثنا اور چھُوٹ کے بارے میں معلومات اور رہبری کے لئے گائیڈ تیار کی ہیں۔ قانون پر معلومات www.cic.gc.ca/sponsor پر مل سکتی ہیں

بدسلوکی اور بے توجہی کے شکار لوگوں کے لئے معلومات کی ایک وسیع رینج یعنی سلسلہ انٹرنیٹ پر دستیاب ہے، بشمول ***وِکٹم سروسز ڈائریکٹری*** (***Victim Services Directory***)۔ یہ ڈائریکٹری ڈپارٹمنٹ آف جسٹس کی ویب سائیٹ http://www.justice.gc.ca/eng/cj-jp/victims-victimes/vsd-rsv/index.html پر دستیاب ہے۔ صفحہ کے اوپر دائیں کونے میں پوسٹل کوڈ کا اندراج کرکے اپنی مقامی کمیونٹی کی بدسلوکی کے شکار لوگوں کے لئے خدمات ڈھونڈیں۔

ڈپارٹمنٹ آف جسٹس نے ایک کارآمد اشاعت جاری کی تھی جس کا عنوان ہے *ابیُوز اِز رونگ اِن اینی لینگوئیج (Abuse is wrong in any language)* یعنی *بدسلوکی کسی بھی زبان میں بُری اور غلط ہے* اور یہ http://www.justice.gc.ca/eng/rp-pr/cj-jp/fv-vf/fe-fa/index.html پر دستیاب ہے۔ یہ اشاعت بدسلوکی اور کینیڈا میں قانون اور ساتھ ہی مدد کے لئے کہاں جانا ہے کے بارے میں متعدد زبانوں میں معلومات فراہم کرتی ہے۔

***یاد رکھیں:***
***کینیڈا میں، بدسلوکی برداشت نہیں کی جاتی۔***
***آپ کو بدسلوکی کی حالت میں رہنے کی ضرورت نہیں۔***
***مدد دستیاب ہے: فون پر، شخصی طور پر اور آن لائن***

© ہر میجسٹی دی کوئین اِن رائیٹ آف کینیڈا (کینیڈا کی قانونی ملکہ معظمہ) جن کی نمائندگی کر رہے ہیں سٹیزن شپ اینڈ امیگریشن کے وزیر، 2013 ,

© Her Majesty the Queen in Right of Canada, represented by the Minister of Citizenship and Immigration, 2013